اٹھارہویں ترمیم کا دفاع نہ کرنیوالے گلگت بلتستان میں کیا کام کرینگے‘ اگر گلگت کے عوام نے بھاری اکثریت کیساتھ مینڈیٹ دلوایا تو جیالا وزیراعلیٰ آنے کے بعد عوام کو زمین کا مالک بنا دیں گے: بلاول بھٹو

پنجاب نے اٹھارویں ترمیم کا سب سے زیادہ فائدہ اٹھایا اب دفاع کو تیار نہیں

گزشتہ الیکشن میں ہماری سیٹیں چھینیں گئیں جبکہ فارم 45 کے مطابق ہمیں بھاری اکثریت ملی تھی‘ اس بار عوام کو فارم 45 کا بندوبست کرنا ہے، ہم کسی کو عوام کا مینڈیٹ نہیں چھیننے دیں گے

گلگت بلتستان میں پیپلزپارٹی کا پیش کردہ حق ملکیت کا قانون اسمبلی سے پاس ہو چکا ہے اگر عوام نے 7 جنوری کو ہمیں بھاری اکثریت دلوائی تو حکومت بننے کے بعد حق ملکیت کے قانون پر عملدرآمد ہوگا

پی ٹی آئی والے کے پی میں کام نہیں کرتے‘ وہ کہتے ہیں ہمیں قیدی نمبر 420 کو چھڑوانا ہے‘ ہماری بڑے اچھے اچھے اتحادی اور دوست بھی الیکشن میں حصہ لے رہے ہیں ہم اُن کو بتاتے ہیں کہ

ہماری حکومت یہاں بن رہی ہے آپ ہمارے قافلے کا حصہ بنیں اور جی بی کے تحفظ کا دفاع کریں‘ ہم مزید حقوق دلوائیں گے: چیئرمین پیپلزپارٹی بلاول بھٹو کا انتخابی جلسے خطاب

گلگت بلتستان (نیوز ڈیسک) پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ اگر گلگت بلتستان کے عوام نے بھاری اکثریت کے ساتھ مینڈیٹ دلوایا تو جیالا وزیراعلیٰ آنے کے بعد عوام کو زمین کا مالک بنادیں گے، اٹھارہویں ترمیم کا فائدہ پنجاب نے سب سے زیادہ اٹھایا مگر وہ آج اس کے دفاع کو بھی تیار نہیں ہے۔ گلگت کے شہر کے شاہی پولو گراؤنڈ میں انتخابی جلسے سے خطاب

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 2

رحیم یار خان: ممبر پنجاب اسمبلی و سرپرست اعلیٰ فرینڈز بزنس گروپ چوہدری آصف مجید منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں، سابق ایم پی اے چوہدری محمد شفیق، گروپ لیڈر عبدالرؤف مختار، چیئرمین میاں عامر شہباز ایم پی اے چوہدری نعیم شفیق، ڈپٹی گروپ لیڈر چوہدری محمد شفیق اور صدر چیمبر آف کامرس چوہدری ولید احمد سٹیج پر موجود ہیں

Online-www.dailysaafsaaf.com Email-dailysaafsaaf@yahoo.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED رحیم یار خان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

Daily SAAF SAAF Rahim Yar Khan

روزنامہ

صاف صاف

چیف ایڈیٹر حبیب اللہ ملک

رحیم یار خان پاکستان

ایڈیٹر: انجینئر شہریار ملک

0345/0334-8676363

254

جلد نمبر 25 | بروز ہفتہ 06 جون 2026ء 20 ذوالحجہ 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 292

چیمبر آف کامرس کو حقیقی معنوں میں تاجروں اور صنعتکاروں کا موثر نمائندہ ادارہ بنانے کیلئے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائینگے‘ مشاورت، خدمت اور میرٹ ترجیحات ہوں گی: میاں عامر شہباز

میاں عامر شہباز صدارتی امیدوار نامزد

فرینڈز بزنس گروپ کا بڑا فیصلہ

تاجروں کا بھرپور خیر مقدم

ایوانِ صنعت و تجارت میں

نئے دور کے آغاز کی توقع

رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے آئندہ انتخابات کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب کے دوران ممبر پنجاب اسمبلی اور سرپرست اعلیٰ فرینڈز بزنس گروپ چوہدری آصف مجید نے اپنے اتحادی گروپس اور سینکڑوں تاجروں کی موجودگی میں چیئرمین فرینڈز بزنس گروپ میاں محمد عامر شہباز کو آئندہ چیمبر الیکشن کیلئے

صدارتی امیدوار نامزد کرنے کا اعلان کیا‘ جوں ہی چوہدری آصف مجید نے میاں محمد عامر شہباز کے نام کا اعلان کیا ہال تالیوں سے گونج اٹھا اور شرکاء نے کھڑے ہو کر اس فیصلے کا خیر مقدم کیا‘ تاجروں اور ممبران چیمبر کی میاں عامر شہباز کو پیشگی مبارکباد‘ کاروباری حلقوں نے فرینڈز بزنس گروپ کیلئے ایک مضبوط اور دانشمندانہ فیصلہ قرار دیا

میاں عامر شہباز ایک متحرک، باصلاحیت اور کاروباری برادری کے مسائل سے مکمل آگاہ شخصیت ہیں‘ انہوں نے ہمیشہ تاجروں اور صنعتکاروں کے مفادات کے تحفظ کیلئے بھرپور کردار ادا کیا ہے اور فرینڈز بزنس گروپ کو یقین ہے کہ ان کی قیادت میں چیمبر آف کامرس مزید مضبوط اور فعال ادارہ بنے گا: چوہدری آصف مجید

میاں عامر شہباز گزشتہ کئی برسوں سے تاجر برادری کی نمائندگی کر رہے ہیں اور ان کی شرافت، خوش اخلاقی، انتظامی صلاحیتوں اور وسیع کاروباری روابط کی وجہ سے انہیں تاجروں کے تمام طبقات میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے‘ فرینڈز بزنس گروپ کے کارکنوں اور حامیوں میں نیا جوش و خروش پیدا ہوا ہے: مقررین

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے آئندہ انتخابات کے سلسلہ میں فرینڈز بزنس گروپ نے اپنے صدارتی امیدوار کا باضابطہ اعلان کر دیا۔ مقامی مارکی میں منعقدہ تقریب کے دوران ممبر پنجاب اسمبلی اور سرپرست اعلیٰ فرینڈز بزنس گروپ چوہدری آصف مجید نے اپنے اتحادی گروپس اور سینکڑوں تاجروں کی موجودگی میں چیئرمین فرینڈز بزنس گروپ میاں محمد عامر شہباز کو آئندہ چیمبر الیکشن کیلئے صدارتی امیدوار نامزد کرنے کا اعلان کیا۔ جوں ہی چوہدری آصف مجید نے میاں محمد عامر شہباز کے نام کا اعلان کیا، ہال تالیوں سے گونج اٹھا اور شرکاء نے کھڑے ہو کر اس فیصلے کا خیر مقدم کیا۔ تقریب میں موجود تاجروں اور ممبران چیمبر نے میاں محمد عامر شہباز کو پیشگی مبارکباد پیش کی جبکہ متعدد کاروباری شخصیات نے اس اعلان کو فرینڈز بزنس گروپ کیلئے ایک مضبوط اور دانشمندانہ فیصلہ قرار دیا۔ تقریب میں سابق ایم پی اے چوہدری محمد شفیق، ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری نعیم شفیق، گروپ لیڈر عبدالرؤف مختار، ڈپٹی گروپ لیڈر و

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 1

ڈپٹی کمشنر کی زیرِ صدارت ریونیو ریکوری کا جائزہ اجلاس

تحصیل وار ریکوری کی صورتحال، درپیش مسائل اور اہداف کے حصول کے لیے اٹھائے گئے اقدامات بارے بریفنگ

اسسٹنٹ کمشنرز اور ریونیو افسران ریکوری مہم کو تیز اور 15 جون سے قبل سو فیصد اہداف حاصل کریں، ظہیر انور جپہ

رحیم یار خان (ہیڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ کی زیرِ صدارت ریونیو ریکوری کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع کی چاروں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، ریونیو افسران، انچارج اراضی ریکارڈ سنٹرز اور

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 12

رحیم یار خان: ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ ریونیو ریکوری کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

رحیم یار خان: ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں۔

حکومت نے چھوٹے دکانداروں کیلئے فکس ٹیکس اسکیم متعارف کرادی

اسکیم کا اطلاق ایسے دکانداروں پر ہوگا جن کا سالانہ ٹرن اوور 2 کروڑ روپے یا اس سے کم ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت نے چھوٹے دکانداروں کے لیے فکس ٹیکس اسکیم متعارف کرا دی۔ اس حوالے سے وزیر خزانہ

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 13

ایران کے افزودہ یورینیم کو ابھی حاصل کر سکتے ہیں مگر ضرورت نہیں، ٹرمپ

لبنان اور اسرائیل کے درمیان امریکا کی ثالثی کو حزب اللہ نے مسترد کر دیا

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا ایران کے

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 14

سینئر صحافی قیصر غفور چوہدری کے برادر نسبتی شاہد رشید انتقال کر گئے

مرحوم کی نماز جنازہ گزشتہ روز بعد نماز مغرب تقریباً 7:30 بجے تعمیر ملت سکول رحیم یار خان کے گراؤنڈ میں ادا کی گئی

ادارہ روزنامہ صاف صاف قیصر غفور چوہدری کے غم میں برابر کا شریک اور مرحوم کے درجات کی بلندی کیلئے دعا گو ہے

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) سابق صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب رحیم یار خان قیصر غفور چوہدری کے برادر نسبتی چوہدری شاہد رشید انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ گزشتہ روز بعد نماز مغرب تقریباً 7:30 بجے

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 3

رحیم یار خان: سابق صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب قیصر غفور چوہدری کے برادر نسبتی چوہدری شاہد رشید مرحوم کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے۔

ہیومن رائٹس مشن کے زیر اہتمام رضاکاروں کے اعزاز میں تقریب

دکھی انسانیت کی خدمت ایک عظیم فریضہ ہے: ڈاکٹر سید عامر محمود بخاری

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) ہیومن رائٹس مشن پاکستان کے زیر اہتمام سال 2026ء کے دوران مختلف فلاحی منصوبوں

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 4

25 سالہ نوجوان مال گاڑی کی زد میں آکر موقع پر جاں بحق

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) ریلوے

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 5

ماحولیاتی آلودگی‘ شیخ زید ہسپتال میں آگاہی واک کا انعقاد

ماحولیاتی آلودگی دنیا بھر میں انسانی صحت کیلئے ایک سنگین خطرہ بن چکی ہے

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) پاکستان کے دیگر شہروں کی طرح رحیم یار خان میں بھی ماحولیاتی آلودگی اور اس کے انسانی صحت پر

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 15

عالمی یوم تحفظ ماحولیات، ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام آگاہی واک کا انعقاد

یوم تحفظ ماحولیات منانے کا مقصد عوام میں ماحول دوست طرز زندگی کو فروغ دینا اور ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے شعور بیدار کرنا ہے

صاف ستھرا اور صحت مند ماحول آئندہ نسلوں کے محفوظ مستقبل کی ضمانت‘ ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے: مقررین

رحیم یار خان (ہیڈ آؤٹ) عالمی یوم تحفظ ماحولیات کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ماحولیاتی تحفظ اور عوامی آگہی کے فروغ کے لیے ایک خصوصی آگہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک کی قیادت اسسٹنٹ

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 11

رحیم یار خان: عالمی یوم تحفظ ماحولیات کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے آگہی واک کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر عبدالحنان خان کر رہے ہیں

صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر سے ملاقات کر رہے ہیں

واپڈا ہائیڈرو یونین کے انتخابات مکمل، محمد دین شاکر گروپ نے میدان مار لیا

واپڈا سب ڈویژن میانوالی قریشیاں میں ورکرز یونین کے الیکشن میں محمد دین شاکر گروپ نے 17 سال بعد بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی

یونین ملازمین کے حقوق، عزت، خدمت، انصاف اور فلاح و بہبود کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کریں گے: محمد دین شاکر

رحیم یار خان (نمائندہ خصوصی) واپڈا ہائیڈرو یونین کے انتخابات مکمل، محمد دین شاکر کے پورے پینل نے میدان مار لیا، تمام ملازمین کو ساتھ لیکر چلوں گا چیئرمین محمد دین شاکر تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 6

رحیم یار خان: چیئرمین محمد دین شاکر، جوائنٹ سیکرٹری افضل سولنگی، یوتھ سیکرٹری طاہر حمید، جام پرویز اور سمیع اللہ بھٹی کامیاب ہو گئے۔

بہاولپور میں جدید برن یونٹ کے قیام کے منصوبے کا سنگ بنیاد

منصوبے پر مجموعی طور پر 4 ارب 30 کروڑ روپے لاگت آئے گی‘ ملک ظہیر

بہاولپور (ہیڈ آؤٹ) ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ نے بہاولپور میں اسمبلی ملک محمد اقبال چنڑ اور رکن قومی

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 16

نئی نسل کی بقا کیلئے ماحول کو بہتر بنانے کیلئے موثر اقدامات ناگزیر ہیں

مریم نواز

زمین خوبصورت کرہ ہے‘ اس کی حفاظت اور بقاء کے لئے تمام تر ممکنہ اقدامات کرنا ہم سب کا فرض ہے

آئیے پلاسٹک ترک کرنے اور ماحولیات کے تحفظ کا عہد کرتے ہیں‘ عوام سے زیادہ درخت لگانے اور قدرتی وسائل کی حفاظت کرنے کی اپیل

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ماحولیات کے عالمی دن (WorldEnvironmentDay) پر اپنے خصوصی پیغام میں پنجاب میں پلاسٹک کے خاتمے کے غیر معمولی عزم کا

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 8

سکیورٹی فورسز کا بلوچستان کے ضلع پنجگور میں آپریشن، 6 خارجی ہلاک

فتنہ الہندوستان کے ہلاک دہشت گرد متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) سکیورٹی فورسز

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 17

پیسٹی سائیڈ ڈیلرز ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران کی حلف برداری

سابق ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری شفیق نے نومنتخب صدر چوہدری قیصر محمود سمیت نومنتخب کابینہ سے انکے عہدوں کا حلف لیا

زرعی شعبے کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کیلئے تمام متعلقہ اداروں اور تنظیموں کو مل کر کام کرنا ہوگا: مقررین کا خطاب

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) ایگری کلچرل پیسٹی سائیڈ ڈیلرز ایسوسی ایشن ضلع رحیم یار خان کے نومنتخب عہدیداران کی حلف برداری کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی سابق ممبر پنجاب

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 7

صادق آباد: لیگل ایڈ پروگرام سے متعلق آگاہی پوسٹرز آویزاں

خواتین، نادار اور مستحق افراد کو مفت قانونی معاونت کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں

صادق آباد (تحصیل رپورٹر) ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر ضلع رحیم یار خان ملک محمد ارشد سعید نے سیکرٹری پنجاب پبلک

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 9

بیروزگاری سے دلبرداشتہ 50 سالہ شخص نے نامعلوم زہر پی کر خودکشی کرلی

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) بیروزگاری

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 10

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر عمر حسین ملاقات کر رہے ہیں

کشمیر اسمبلی کی پاکستان سے منتخب 12 نشستیں ختم کرنے کا مطالبہ درست عمل نہیں

الیکشن سے پہلے یہ مطالبہ انتخابی عمل کو سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے: خواجہ آصف

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ 27 جولائی کو آزاد کشمیر کے الیکشن ہیں، الیکشن کمیٹی کا مطالبہ ہے کشمیر

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 18

اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر حافظ محمد نواز اعوان آگاہی مہم کے دوران صدر بار ایسوسی ایشن اور وکلاء میں پنجاب لیگل ایڈ ایجنسی کی کاپیاں تقسیم کر رہے ہیں

رحیم یار خان: سابق ایم پی اے چوہدری محمد شفیق ایگری کلچرل پیسٹی سائیڈ ڈیلرز ایسوسی ایشن کے منتخب صدر چوہدری قیصر محمود، نائب صدر عرفان الحق، جنرل سیکرٹری وسیم اشرف، فنانس سیکرٹری محمد افضل اور جوائنٹ سیکرٹری چوہدری محمد امجد سے حلف لے رہے ہیں۔

عمدہ اور لذیذ مٹھائیوں کا مرکز

جالندھر سویٹس اینڈ بیکرز

شاہی روڈ رحیم یار خان' فون 068-5885900

طاہر ہومیوسٹور اینڈ ہسپتال

ماہر امراض جلد

ڈاکٹر حکیم حافظ محمد وسیم صادق

بی ایچ ایم ایس (پنجاب) آر ایچ ایم پی (پاکستان)

بانو بازار رحیم یار خان' فون: 068-5878320,5877170

بہاولپور: ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ، کمشنر عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا جدید برن یونٹ کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں، رکن قومی اسمبلی ملک محمد اقبال چنڑ، رکن صوبائی اسمبلی سعدیہ بلال اور نائب صدر مسلم لیگ (ن) لائرز فورم بلال ملک بھی موجود ہیں

بقیہ نمبر 01

سابق صدر چیمبر آف کامرس چوہدری محمد شفیق، صدر چیمبر آف کامرس چوہدری ولید احمد، رائل فلور ملز کے چیئرمین چوہدری عبدالرؤف، صدر سٹی انجمن تاجران چوہدری عظمان اصغر، ضلعی صدر فلور ملز ایسوسی ایشن محمود خان درانی، چیئرمین ولی سنز گروپ آف انڈسٹری چوہدری سلطان محمود، ضلعی جنرل سیکرٹری مرکزی انجمن تاجران چوہدری انوار احمد مجی، نائب صدر صادق کلب چوہدری شہاب سرور، چوہدری قیصر محمود، ایگزیکٹو ممبران چیمبر آف کامرس چوہدری حشمت علی، میاں انعام باری، چوہدری شہروز ندیم، چوہدری نعمان خالد وڑائچ، چوہدری عمران شبیر، میاں طارق محمود، ثاقب سعید، میاں ریاض الرحمن، چوہدری شفیق الرحمن سمیت تاجروں اور صنعتکاروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چوہدری آصف مجید نے کہا کہ میاں محمد عامر شہباز ایک متحرک، باصلاحیت اور کاروباری برادری کے مسائل سے مکمل آگاہ شخصیت ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ تاجروں اور صنعتکاروں کے مفادات کے تحفظ کیلئے بھرپور کردار ادا کیا ہے اور فرینڈز بزنس گروپ کو یقین ہے کہ ان کی قیادت میں چیمبر آف کامرس مزید مضبوط اور فعال ادارہ بنے گا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ میاں محمد عامر شہباز گزشتہ کئی برسوں سے تاجر برادری کی نمائندگی کر رہے ہیں اور ان کی شرافت، خوش اخلاقی، انتظامی صلاحیتوں اور وسیع کاروباری روابط کی وجہ سے انہیں تاجروں کے تمام طبقات میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی نامزدگی سے فرینڈز بزنس گروپ کے کارکنوں اور حامیوں میں نیا جوش و خروش پیدا ہوا ہے اپنے مختصر خطاب میں میاں محمد عامر شہباز نے گروپ قیادت اور تاجروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس اعتماد کو اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں اور چیمبر آف کامرس کو حقیقی معنوں میں تاجروں اور صنعتکاروں کا مؤثر نمائندہ ادارہ بنانے کیلئے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مشاورت، خدمت اور میرٹ ان کی ترجیحات ہوں گی اور وہ کاروباری برادری کے مسائل کے حل کیلئے بھرپور جدوجہد کریں گے۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء کی جانب سے میاں محمد عامر شہباز کو مبارکباد دینے کا سلسلہ دیر تک جاری رہا۔ تاجر حلقوں کا کہنا تھا کہ ان کی نامزدگی سے فرینڈز بزنس گروپ کی انتخابی مہم کو غیر معمولی تقویت ملی ہے اور گروپ کے کارکن اس اعلان کو آئندہ انتخابات کیلئے ایک اہم سنگ میل قرار دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 02

کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ گزشتہ الیکشن میں ہماری سیٹیں چھینیں گئیں جبکہ فارم 45 کے مطابق ہمیں بھاری اکثریت ملی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس بار عوام کو فارم 45 کا بندوبست کرنا ہے، ہم کسی کو عوام کا مینڈیٹ نہیں چھیننے دیں گے اور ملکر اس کا تحفظ کریں گے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ گلگت بلتستان میں حق مالکیت کا قانون پاس ہوچکا ہے اور اب اگر عوام نے 7 جنوری کو ہمیں بھاری اکثریت دلوائی تو حکومت بننے کے بعد حق مالکیت کے قانون پر عملدرآمد ہوگا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اگر الیکشن میں کامیابی نہ ملی تو پھر حق مالکیت کے قانون پر عملدرآمد نہیں ہوگا، یہ قانون بھی پیپلز پارٹی نے قانون ساز اسمبلی سے پاس کروایا گیا تھا۔ چیئرمین پی پی نے کہا کہ پی ٹی آئی والے کے پی میں کام نہیں کرتے، وہ کہتے ہیں ہمیں قیدی نمبر 420 کو چھڑوانا ہے، ہماری بڑے اچھے اتحادی اور دوست بھی الیکشن میں حصہ لے رہے ہیں ہم اُن کو بتاتے ہیں کہ ہماری حکومت یہاں بن رہی ہے آپ ہمارے قافلے کا حصہ بنیں اور جی بی کے تحفظ کا دفاع کریں، ہم مزید حقوق دلوائیں گے۔ بلاول بھٹو نے ن لیگ کا نام لیے بغیر طنز کرتے ہوئے کہا کہ اظہار ہوئیں ترمیم کا سب سے زیادہ فائدہ پنجاب نے اٹھایا مگر اب یہ خود اس کا خاتمہ کرنے کو تیار نہیں۔ [illegible]

کررہے ہیں۔

بقیہ نمبر 03

عمیر ملت سکول رحیم یار خان کے گراؤنڈ میں ادا کی گئی، جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ جنازے میں سول سوسائٹی، انجمن تاجران، وکلاء، سیاسی و سماجی شخصیات اور صحافیوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ مرحوم کی قل خوانی آج مسجد قبا میں ادا کی جائے گی۔ ادارہ روزنامہ صاف صاف رحیم یار خان اور ممبران پریس کلب قیصر غفور چوہدری کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا گو ہیں۔

بقیہ نمبر 04

میں نمایاں خدمات سرانجام دینے والے رضاکاروں کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں رضاکاروں کو ان کی شاندار کارکردگی کے اعتراف میں تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔ ہیومن رائٹس مشن یو کے کے سالانہ پروگرامز کے تحت ہیومن رائٹس مشن پاکستان کی ٹیم نے ماہ رمضان المبارک کے دوران گھر گھر جا کر 200 سے زائد مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کیا جبکہ شہر کی مختلف کچی آبادیوں میں عوامی افطار دسترخوان بھی سجائے گئے۔ اس کے علاوہ شیخ زید ہسپتال میں زیرعلاج مریضوں، لواحقین اور ضرورت مند افراد کیلئے عوامی افطاری کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔ تنظیم نے تھیلیسیمیا کے مریضوں کیلئے ضرورت کے مطابق خون کی فراہمی میں بھی بھرپور تعاون کیا۔ تقریب میں شیخ زید میڈیکل کالج و ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سید عامر محمود بخاری نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے ہیومن رائٹس مشن کی سماجی، فلاحی اور انسانی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت ایک عظیم فریضہ ہے اور ہیومن رائٹس مشن کے رضاکار خاموشی سے معاشرے کے محروم طبقات کی خدمت کر رہے ہیں جو قابل تحسین عمل ہے ہیومن رائٹس مشن کے فاؤنڈر و گلوبل آرگنائزر رانا جہانزیب نے تقریب میں خصوصی شرکت کی اور ڈاکٹر سید عامر محمود بخاری کے ہمراہ رضاکاروں میں تعریفی اسناد تقسیم کیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ رضاکار کسی بھی فلاحی تنظیم کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں ان کی بے لوث خدمات اور جذبہ خدمت ہی تنظیموں کی کامیابی کا اصل سرمایہ ہوتا ہے رضاکاروں کی حوصلہ افزائی نہ صرف ان کی خدمات کا اعتراف ہے بلکہ انہیں مزید جوش و جذبے کے ساتھ خدمتِ انسانیت جاری رکھنے کا پیغام بھی دیتی ہے۔ بلڈ ٹرانس فیوژن آفیسر ڈاکٹر رانا اشتیاق احمد نے اپنے خطاب میں کہا کہ خون کا عطیہ کسی انسان کو نئی زندگی دینے کے مترادف ہے تھیلیسیمیا اور دیگر امراض میں مبتلا مریضوں کیلئے خون کی بروقت فراہمی ایک بڑا انسانی فریضہ ہے انہوں نے ہیومن رائٹس مشن کے رضاکاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم نے خون کے عطیات اور مریضوں کی معاونت کے حوالے سے قابل قدر خدمات انجام دی ہیں، جن کے مثبت اثرات معاشرے میں واضح طور پر محسوس کیے جا رہے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہیومن رائٹس مشن پاکستان کے سربراہ مرزا اسد علی نے کہا کہ تنظیم کی کامیابی میں ڈونرز اور مخیر حضرات کا کردار انتہائی اہم ہے ان کے اعتماد اور تعاون کی بدولت تنظیم اپنی سرگرمیوں کا دائرہ وسیع کرنے میں کامیاب ہوئی ہے نئے طرز کی تنظیم سازی کے نتیجے میں جنوبی پنجاب سمیت دیگر اضلاع میں بھی تنظیم کا نیٹ ورک تیزی سے پھیل رہا ہے اور بڑی تعداد میں نئے ممبران تنظیم میں شامل ہو رہے ہیں کانس آرگنائزر ڈاکٹر اشتیاق احمد اور پوری ٹیم کی کاوشوں سے آئندہ سال سے تنظیم ملک کے مختلف علاقوں میں اپنے فلاحی آپریشنز کا آغاز کرے گی اور نئے سماجی و انسانی خدمت کے منصوبے متعارف کروائے جائیں گے انہوں نے ڈونرز سے اپیل کی کہ وہ اسی جذبے کے ساتھ تعاون جاری رکھیں تاکہ ضرورت مند، مستحق اور مصیبت زدہ افراد کی زندگیوں میں [illegible]

بقیہ نمبر 05

لائن عبور کرنے والا 25 سالہ نوجوان مال گاڑی کی زد میں آکر موقع پر جاں بحق پولیس نے کارروائی کے بعد نعش تدفین کیلئے ورثاء کے حوالے کردی۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز احمد پور لمہ کا رہائشی 25 سالہ محمد عمر حبیب کالونی کے نزدیک ریلوے لائن عبور کر رہا تھا کہ اسی دوران لاہور سے کراچی جانیوالی مال گاڑی کی زد میں آکر زخموں کی تاب نہ لاتے موقع پر دم توڑ گیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر محمد عمر کی نعش کو تحویل میں لیکر شناخت ہونے پر کارروائی کے بعد تدفین کیلئے ورثاء کے حوالے کردی۔

بقیہ نمبر 06

واپڈ سب ڈویژن میانوالی قریشیاں میں آل پاکستان ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے الیکشن میں محمد دین شاکر گروپ نے 17 سال بعد بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی، سب ڈویژن میانوالی قریشیاں میں دو سال بعد منتخب ہونے والے وائس چیئرمین سمیع اللہ ڈشتی، جنرل سیکرٹری جام پرویز احمد نوناری، جوائنٹ سیکرٹری محمد افضل سولنگی، یوتھ سیکرٹری طاہر وحید و دیگر منتخب ہوئے۔ اس موقع چیئرمین محمد دین شاکر ڈشتی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انشاء اللہ تمام دوستوں اور یونین ورکرز کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں، ہمارا انتخابی منشور یونین ملازمین کے حقوق، عزت، خدمت، انصاف اور فلاح و بہبود کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کریں گے، اس موقع پر یوتھ سیکرٹری طاہر وحید نے گفتگو کرتے ہوئے کہا تمام یونین کے عہدیداروں کے حقیقی ترقی ملازمین کے جائز مسائل کے حل اور انکے جائز حقوق اور اپنے ادارے کی بہتری کے لیے ہمیشہ صف اول میں کھڑے ہونگے۔ ہمارا مقصد صرف عہدے حاصل کرنا نہیں۔ ملازمین کے ہر فرد کو عزت، حق رائے اور مساوی مواقع میسر ہونگے۔ ہماری اولین ترجیح مزدور کے بنیادی مسائل کا حل، بہتر انفراسٹرکچر، سمیت سہولیات کی فراہمی ہوگی۔ یونین کے جنرل سیکرٹری جام پرویز احمد نوناری کا کہنا تھا کہ تمام مزدوروں اور معزز دوستوں کو ساتھ لے کر اجتماعی مشاورت کے ذریعے ایسے فیصلے کیے جائیں گے جو پورے گروپ سمیت ورکرز کی ترقی، خوشحالی اور فلاح کا سبب بنیں۔ اس موقع یونین کے جوائنٹ سیکرٹری جام محمد افضل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد وعدوں اور نعروں کی بجائے اپنے ملازمین عملی خدمت، اتحاد، بھائی چارے اور مزدور ساتھی کے حقوق، اعتماد پر انشاء اللہ پورا اتریں گے۔ انشاء اللہ مزدور اتحاد کے تعاون سے ایسا مثالی سفر کو مزید مضبوط بنایا جائے گا، جہاں ہر ساتھی مزدور کی آواز سنی جائے گی، ہر ملازمین کو عزت و احترام اور ترقی کے ثمرات بلاامتیاز ہر ورکرز کے گھر تک پہنچ سکیں۔

بقیہ نمبر 07

اسمبلی چوہدری محمد شفیق تھے جنہوں نے نومنتخب صدر چوہدری قیصر محمود، نائب صدر محمد عرفان الحق، جنرل سیکرٹری محمد وسیم اشرف، فنانس سیکرٹری محمد افضل اور جوائنٹ سیکرٹری چوہدری محمد امجد سے ان کے عہدوں کا حلف لیا۔ تقریب میں ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری آصف مجید، ضلعی صدر مرکزی انجمن تاجران عبدالرؤف مختار، ممبر ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی میاں عامر شہباز، تاجر رہنماؤں، زرعی ادویات کے ڈیلرز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی چوہدری محمد شفیق نے کہا کہ زراعت پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور زرعی ادویات کے ڈیلرز کسانوں اور زرعی شعبے کے درمیان ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ انہیں اپنے ساتھیوں کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے دیانت داری، شفافیت اور خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط تنظیم ہی مسائل کے حل اور تاجروں کے حقوق کے تحفظ کی ضمانت بن سکتی ہے۔ ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری آصف مجید نے اپنے خطاب میں کہا کہ تاجر برادری ملکی معیشت میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے اور ان کے مسائل کا حل حکومت اور منتخب نمائندوں کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایگری کلچرل ڈسٹی سائڈ ڈیلرز ایسوسی ایشن کسانوں اور کاروباری طبقے کے درمیان ایک مؤثر رابطے کا ذریعہ ہے اور وہ اس تنظیم کے جائز مطالبات کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔ ضلعی صدر مرکزی انجمن تاجران عبدالرؤف مختار نے کہا کہ تاجر برادری کا اتحاد ہی اس کی اصل طاقت ہے۔ انہوں نے نومنتخب قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ تاجر تنظیمیں اپنے اراکین کے حقوق کے تحفظ اور کاروباری ماحول کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ نئی قیادت اپنے ممبران کی توقعات پر پورا اترے گی۔ ممبر ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی میاں عامر شہباز نے کہا کہ زرعی شعبے کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کیلئے تمام متعلقہ اداروں اور تنظیموں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایسی تنظیمیں نہ صرف اپنے ممبران کے مسائل اجاگر کرتی ہیں بلکہ معاشی استحکام اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ نومنتخب صدر چوہدری قیصر محمود نے اپنے خطاب میں تنظیم کے تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ اس پر پورا اترنے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تنظیم کے وقار، تاجروں کے حقوق کے تحفظ، مسائل کے حل اور زرعی شعبے سے وابستہ افراد کی فلاح و بہبود کیلئے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام عہدیداران باہمی مشاورت اور اتحاد کے ساتھ تنظیم کو مزید مضبوط اور فعال بنانے کیلئے کام کریں گے۔ اس موقع پر ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری نعیم شفیق، سابق صدر چیمبر آف کامرس چوہدری محمد شفیق، صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری چوہدری ولید احمد، چیئرمین رائل گروپ آف انڈسٹریز چوہدری عبدالرؤف، یوکے پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر میاں سعد حسن، صدر سٹی انجمن تاجران چوہدری عظمان اصغر، ایگزیکٹو ممبران چیمبر آف کامرس چوہدری حشمت علی، چوہدری شہروز ندیم، چوہدری عمران شبیر، میاں احسان باری، میاں ریاض الرحمن، میاں ثاقب سعید، ضلعی صدر فلور ملز ایسوسی ایشن محمود خان درانی، صدر ڈسٹرکٹ بار بیرسٹر بلاڑ، صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب راؤ نعمان اسلم، چیئرمین ولی سنز گروپ آف انڈسٹری چوہدری سلطان محمود، ضلعی جنرل سیکرٹری مرکزی انجمن تاجران چوہدری انوار احمد مجی، سی ای او ٹاپ ٹاپ فرنیچر میاں شاہد سلیم، چوہدری محمد الیاس مغل، چوہدری نعمان صفیر، حاجی عبدالجبار ورک، چوہدری خضر حیات، چوہدری محمد علی، چوہدری شفیق الرحمن و دیگر کاروباری شخصیات کی ایک کثیر تعداد موجود تھی۔ آخر میں شرکاء کے اعزاز میں ایک پرتکلف عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔

بقیہ نمبر 08

اعادہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عوام سے زیادہ سے زیادہ درخت لگانے اور قدرتی وسائل کی حفاظت کرنے کی اپیل کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گزشتہ سال فوگ میں نمایاں کمی اور ماحول کی بہتری پر اظہار تشکر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور سمیت دیگر علاقوں میں نمایاں ماحولیاتی بہتری پر سینئر منسٹر مریم اورنگزیب اور پوری ٹیم کو شاباش دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے غیر معیاری پلاسٹک بیگز کے استعمال پر قانونی کارروائی کی تسلسل کی ہدایت کی ہے۔ پنجاب میں خطے کے پہلے انوائرمنٹ آبزرویٹری پراجیکٹ کی جلد از جلد تکمیل کے لئے اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ زمین خوبصورت کرہ ہے اس کی حفاظت اور بقاء کے لئے تمام تر ممکنہ اقدامات کرنا ہم سب کا فرض ہے۔ ماحولیاتی آلودگی میں کمی اور سموگ کے تدارک کیلئے موثر اور پائیدار اقدامات سے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب ماحولیاتی آلودگی سے متعلق پیشگی الرٹ کی صلاحیت حاصل کرنے والا پہلا صوبہ بن چکا ہے۔ پہلے جدید ترین ایئر کوالٹی فورکاسٹ سسٹم سے صوبہ بھر میں فضائی آلودگی انڈیکیٹر کی مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔ پنجاب کی پہلی "انوائرمنٹ وال" پر 24/7 ماحولیات سے متعلق اداروں کا مانیٹرنگ سسٹم کام کررہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں، بھٹہ خشت اور فصلوں کی باقیات جلانے سمیت ماحولیاتی قوانین کی دیگر خلاف ورزیوں پر قانونی کارروائی جاری ہے۔ سموگ کے تدارک کیلئے 30 جدید ہارٹو گن کا موثر استعمال کیا جارہا ہے، لاہور سمیت دیگر شہروں کیلئے مزید سموگ گن بھی لارہے ہیں۔ پائیدار اور موثر ماحولیاتی آلودگی کیلئے صوبہ بھر میں شجرکاری کمپین مسلسل جاری ہیں۔ پنجاب حکومت گرین پنجاب اور پلانٹ فار پاکستان وژن کے تحت پورے صوبے میں شجرکاری کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ [illegible]

بقیہ نمبر 09

ہے۔ نئی نسل کو آبی توانائی اور ماحولیاتی وسائل کے تحفظ کیلئے مشترکہ عزم کا اظہار کرنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ماحولیات کے عالمی دن پر فطرت کے تحفظ، آلودگی کے خاتمے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے شعور بیدار کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عوام سے اپیل کی کہ آئیے پلاسٹک ترک کرنے اور ماحولیات کے تحفظ کا عہد کرتے ہیں۔

پراسیکیوشن سلمان غنی کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے پنجاب لیگل ایڈ ایجنسی کی عوامی آگاہی مہم کے تحت حافظ محمد نواز اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر اور شفیق احمد عباسی تحصیل صادق آباد نے تحصیل بار ایسوسی ایشن کچہری کے مختلف مقامات پر لیگل ایڈ پروگرام سے متعلق آگاہی پوسٹرز آویزاں کروائے اور وکلا کے دفاتر میں آگاہی مہم کی بابت پوسٹر اور درخواست کی کاپیاں تقسیم کیں، جہاں وکلاء کو پنجاب لیگل ایڈ ایجنسی کے مقاصد، قانونی سہولیات اور طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر وکلا کو آگاہ کیا گیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق خواتین، نادار اور مستحق افراد کو مفت قانونی معاونت کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ حافظ محمد نواز نے کہا کہ لیگل ایڈ پروگرام کے تحت مستحق سائلین کو قانونی رہنمائی، وکلا کی فراہمی اور مقدمات کی پیروی میں مکمل معاونت فراہم کی جائے گی۔ انصاف تک آسان رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے اور پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ عوام کو بروقت اور مثالی قانونی سہولیات فراہم کرنے کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 10

سے دلبرداشتہ 50 سالہ شخص نے نامعلوم زہر پی کر خودکشی کرلی ہسپتال انتظامیہ نے کارروائی کے بعد نعش تدفین کیلئے ورثاء کے حوالے کردی۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز گھوٹکی سندھ کے رہائشی 50 سالہ پون کمار کو اقدام خودکشی کرنے پر ورثاء نے انتہائی تشویشناک حالت میں طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کیا جہاں موجود ذرائع نے بتایا کہ پون کمار طویل عرصہ سے بیروزگار تھا اور کوشش کے باوجود روزگار نہ ملنے پر دلبرداشتہ ہو کر نامعلوم زہر پی لیا جو طبی امداد کے باوجود جانبر نہ ہو پایا اور دم توڑ گیا۔

بقیہ نمبر 11

کمشنر عبدالحنان خان نے کی جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ تحفظ ماحولیات عامر رحمانی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر خالد ماننک، ممبران ضلعی امن کمیٹی ریاض احمد نوری، قاری ظفر اقبال، بابر زمان، ڈاکٹر الیاس احمد، ریسکیو 1122، پیرا فورس، مختلف محکموں کے افسران، سول سوسائٹی کے نمائندگان، طلبہ اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ واک کے شرکاء نے ماحولیاتی تحفظ، شجرکاری، صفائی ستھرائی اور ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے حوالے سے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر ماحول دوست پیغامات درج تھے۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ماحول کو صاف، سرسبز اور آلودگی سے پاک بنانے کے لیے اجتماعی کاوشوں کو فروغ دیا جائے گا۔ اسسٹنٹ کمشنر عبدالحنان خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالمی یوم تحفظ ماحولیات منانے کا مقصد عوام میں ماحول دوست طرز زندگی کو فروغ دینا اور ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے شعور بیدار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صاف ستھرا اور صحت مند ماحول آئندہ نسلوں کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے، لہٰذا ہر شہری کو شجرکاری، صفائی اور قدرتی وسائل کے دانشمندانہ استعمال میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ حکومت پنجاب کے وژن کے مطابق ماحول دوست اقدامات، شجرکاری مہمات اور ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے لیے بھرپور اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ شہریوں کے تعاون کے بغیر ماحول کے تحفظ کا ہدف حاصل نہیں کیا جا سکتا، اس لیے معاشرے کے تمام طبقات کو اس قومی ذمہ داری میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ واک کے اختتام پر ماحولیات کے تحفظ، درخت لگانے اور صفائی ستھرائی کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا اور شرکاء نے ماحولیاتی بہتری کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 12

متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف مدات میں ریونیو ریکوری کے اہداف اور ان کے حصول کے حوالے سے اب تک کی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کو تحصیل وار ریکوری کی صورتحال، درپیش مسائل اور اہداف کے حصول کے لیے اٹھائے گئے اقدامات بارے بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے مقرر کردہ ریونیو اہداف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور تمام افسران اپنی ذمہ داریوں کو پوری محنت، دیانتداری اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو ریکوری حکومتی محصولات میں اضافے اور عوامی فلاحی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے، اس لیے اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور ریونیو افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ میں اپنی موجودگی کو مزید مؤثر بناتے ہوئے ریکوری مہم کو تیز کیا جائے اور 15 جون سے قبل سو فیصد اہداف حاصل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ریکوری کی روزانہ بنیادوں پر مانیٹرنگ کی جائے گی جبکہ اہداف کے حصول میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی بھی کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریونیو معاملات میں شفافیت، میرٹ اور عوامی سہولت کو ہر صورت مقدم رکھا جائے اور تمام متعلقہ افسران باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنائیں تاکہ ضلع رحیم یار خان کو ریونیو ریکوری کے حوالے سے صوبہ بھر میں نمایاں مقام دلایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 13

محمد اورنگزیب اور وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے نیوز کانفرنس کی۔ وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ حکومت نے چھوٹے دکان داروں کے لیے فکس ٹیکس اسکیم متعارف کرادی ہے، اسکیم تاجروں اور انجمن تاجران کی مشاورت سے تیار کی گئی ہے، اس اسکیم کا اطلاق ایسے دکان داروں پر ہوگا جن کا سالانہ ٹرن اوور 20 کروڑ روپے یا اس سے کم ہے، جبکہ دکان دار اپنی مرضی سے موجودہ ٹیکس نظام میں بھی رہ سکتے ہیں۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ اسکیم میں شامل دکان داروں کو ایف بی آر کی جانب سے خصوصی شناختی پلیٹ جاری کی جائے گی، شناختی پلیٹ پر دکان کا نام، این ٹی این اور ٹیکس سے متعلق معلومات درج ہوں گی، پلیٹ پر موجود کیو آر کوڈ کے ذریعے ایف بی آر انسپکٹر تصدیق کرے گا، کیو آر کوڈ اسکین کیے بغیر کسی انسپکٹر کو دکان میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ اسکیم میں شامل دکان داروں کو عمومی آڈٹ سے استثنا حاصل ہوگا، کسی خصوصی آڈٹ سے قبل تاجر تنظیموں سے مشاورت کی جائے گی، آڈٹ معاملات کے لیے ایک باقاعدہ کمیٹی بھی قائم کی جائے گی، ملک میں 30 سے 40 لاکھ چھوٹے دکان دار موجود ہیں اور انہیں ٹیکس نیٹ میں لانا ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ وزیر مملکت خزانہ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خزانہ کی حمایت سے اس اسکیم کو نافذ کیا جا رہا ہے، جبکہ ایف بی آر حکام اور تاجر برادری کے تعاون سے اسے حتمی شکل دی گئی ہے، تاجروں کے ساتھ مل کر اس اسکیم کو کامیاب بنایا جائے گا۔ دریں اثنا وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت ٹیکس نظام میں وسعت لانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے اور ٹیکس کی شرح بڑھانے کے بجائے اسے کم کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے تاکہ ٹیکس دہندگان پر بوجھ کم کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال سیلاب اور مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال کے باوجود ملکی معیشت مستحکم رہی اور حکومت نے مختلف چیلنجز کا مقابلہ اپنے وسائل سے کیا، کسی بیرونی مدد کی ضرورت پیش نہیں آئی، ملک میں ایک منصفانہ اور مؤثر ٹیکس نظام کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 14

'زیر زمین محفوظ افزودہ یورینیم کے ذخائر کو اس وقت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے تاہم ان کے بقول فی الحال ایسا کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ صدر ٹرمپ نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ انہوں نے اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو اور حزب اللہ کے نمائندوں سے لبنان کی صورتحال پر بات چیت کی ہے اور اس سلسلے میں کچھ پیش رفت بھی ہوئی ہے۔ دوسری جانب لبنان اور اسرائیل کے درمیان امریکا کی ثالثی میں ہونے والی جنگ بندی کو حزب اللہ نے مسترد کر دیا ہے۔ حزب اللہ کے سربراہ نعیم قاسم نے اس معاہدے کو 'شرمناک' قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ دراصل لبنان کے ایک حصے کو جاہ کرنے کا منصوبہ ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ جب تک اسرائیل لبنان پر حملے جاری رکھے گا شمالی اسرائیل حزب اللہ کے حملوں کی زد میں رہے گا۔ ادھر لبنان کے مختلف علاقوں میں اسرائیلی فضائی حملوں کا سلسلہ جاری ہے، جن میں متعدد افراد جاں بحق اور زخمی ہوئے ہیں۔ لبنان کی وزارت صحت کے مطابق مارچ سے اب تک اسرائیلی حملوں میں ہزاروں افراد متاثر ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ نے جنوبی لبنان میں ایک ایسے حملے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں جس میں اقوام متحدہ کی امن فوج کا ایک اہلکار ہلاک جبکہ دو دیگر زخمی ہوئے۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ جنوبی لبنان میں حزب اللہ کے میزائل حملے میں اس کا ایک فوجی بھی مارا گیا ہے۔ غزہ میں بھی جنگ بندی کے دعوؤں کے باوجود اسرائیلی حملے جاری ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسرائیلی کارروائیوں میں کم از کم 11 فلسطینی شہید اور 32 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ فلسطینی حکام کے مطابق غزہ کی انسانی صورتحال مسلسل خراب ہوتی جا رہی ہے جبکہ عالمی برادری سے فوری مداخلت کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ میں جاری یہ کشیدگی خطے کے امن و استحکام کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکی ہے، جبکہ ایران، اسرائیل، لبنان اور غزہ سے متعلق پیش رفت پر عالمی طاقتوں کی نظریں مرکوز ہیں۔

بقیہ نمبر 15

مرتب ہونے والے منفی اثرات کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنے کیلئے شیخ زید میڈیکل کالج و ہسپتال کے شعبہ امراض اطفال کے زیر اہتمام آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک کی قیادت شعبہ امراض اطفال کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر جمال انور نے کی جبکہ اس موقع پر یونٹ ٹو کے سربراہ اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر راغب اقبال، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سید عامر محمود بخاری، ڈاکٹر مظہر حسین، ڈاکٹر امتیاز اجمل، پی جی آر ڈاکٹرز اور ہسپتال کے عملہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ واک کے شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر ماحولیاتی تحفظ اور صحت مند ماحول کی اہمیت کے حوالے سے مختلف نعرے درج تھے۔ واک کا مقصد عوام میں ماحولیاتی آلودگی کے خطرات اور اس سے بچاؤ کے حوالے سے شعور بیدار کرنا تھا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر جمال انور نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی دنیا بھر میں انسانی صحت کیلئے ایک سنگین خطرہ بن چکی ہے۔ فضائی آلودگی، دھواں، صنعتی فضلہ اور دیگر ماحولیاتی عوامل خصوصاً بچوں کی صحت پر انتہائی منفی اثرات مرتب کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحت مند معاشرے کے قیام کیلئے صاف اور آلودگی سے پاک ماحول ناگزیر ہے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سید عامر محمود بخاری نے اپنے خطاب میں کہا کہ ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کیلئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ درخت لگانا، صفائی کا خیال رکھنا اور ماحول دوست طرز زندگی اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر راغب اقبال نے کہا کہ عوام میں شعور اجاگر کرکے ہی ماحولیاتی آلودگی کے خطرناک اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ ماحول کو صاف رکھنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں تاکہ آنے والی نسلوں کو ایک محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔ واک کے اختتام پر شرکاء نے ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور عوامی صحت کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ایم ایس ایڈمن ڈاکٹر عنبرین بھٹی، ڈی ایم ایس ڈاکٹر رانا الیاس احمد، ڈاکٹر ساجدہ و دیگر موجود تھے۔

بقیہ نمبر 16

جدید برن یونٹ کے قیام کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی سعدیہ بلال، نائب صدر مسلم لیگ (ن) لائرز فورم بلال ملک، کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا، ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا سمیت محکمہ صحت کے اعلیٰ افسران اور دیگر معززین بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن "صحت مند پنجاب" کے تحت قائم کیے جانے والے اس اہم منصوبے پر مجموعی طور پر 4 ارب 30 کروڑ روپے لاگت آئے گی۔ 50 بستروں پر مشتمل یہ جدید برن یونٹ جلنے اور جھلسنے والے مریضوں کو عالمی معیار کی طبی سہولیات فراہم کرے گا۔ سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بہاولپور میں جدید برن یونٹ کا تحفہ دے کر یہاں کے عوام کے دل جیت لیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد مسلم لیگ (ن) میاں محمد نواز شریف ہمیشہ بہاولپور کو اپنا دوسرا گھر قرار دیتے رہے ہیں اور آج وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اس منصوبے کے ذریعے اس محبت کا عملی ثبوت دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ادوار میں ملک بھر میں ترقیاتی منصوبوں، ہسپتالوں، تعلیمی اداروں، سڑکوں، اوور ہیڈ برجز اور انڈر پاسز کا وسیع جال بچھایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میاں محمد نواز شریف ایک ویژنری رہنما ہیں جو عوامی مسائل اور ضروریات کو بخوبی سمجھتے ہیں اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں۔ ملک ظہیر اقبال چنڑ نے اپنے والد اور سابق صوبائی وزیر ملک محمد اقبال چنڑ کی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے بہاولپور میں صحت کے شعبے کی ترقی کے لیے نمایاں کردار ادا کیا۔ ان کی کوششوں سے سول ہسپتال قائم ہوا جس سے بہاول وکٹوریہ ہسپتال پر مریضوں کا دباؤ کم ہوا، جبکہ ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری، خصوصی تعلیم کے اداروں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کا قیام بھی ممکن بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب عوام کو جدید اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے صحت کے شعبے میں انقلابی اصلاحات متعارف کرا رہی ہے۔ ان کے مطابق برن یونٹ کا منصوبہ عوام کے دیرینہ مطالبے کی تکمیل ہے اور اس سے جنوبی پنجاب خصوصاً بہاولپور کے عوام کو بے پناہ فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے بتایا منصوبے کے تحت جدید طبی آلات، خصوصی وارڈز، آپریشن تھیٹرز اور ماہر طبی عملے کی سہولیات فراہم کی جائیں گی تاکہ جلنے اور جھلسنے والے مریضوں کا مؤثر علاج مقامی سطح پر ممکن بنایا جا سکے۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ برن یونٹ کی تکمیل کے بعد بہاولپور ڈویژن اور گردونواح کے اضلاع کے لاکھوں شہری مستفید ہوں گے۔ ماضی میں جلنے کے متاثرہ مریضوں کو علاج کے لیے لاہور اور دیگر بڑے شہروں کا رخ کرنا پڑتا تھا جس سے نہ صرف قیمتی وقت ضائع ہوتا تھا بلکہ مریضوں اور ان کے اہل خانہ کو شدید مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑتا تھا۔ نئے برن یونٹ کے قیام سے یہ مسئلہ بڑی حد تک حل ہو جائے گا۔ اس موقع پر انہوں نے ایک اور بڑے صحت منصوبے کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر بہاولپور میں 24 ارب روپے کی لاگت سے جدید چلڈرن کمپلیکس بھی تعمیر کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کو آئندہ مالی سال کے ترقیاتی بجٹ میں شامل کرالیا گیا ہے اور اس کی تکمیل سے جنوبی پنجاب کے بچوں کو اپنے خطے میں ہی اعلیٰ معیار کی طبی سہولیات میسر آئیں گی۔ تقریب میں ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر تنویر احمد شاہ، انچارج پلاسٹک سرجری پروفیسر ڈاکٹر مغیث امین، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ بہاول وکٹوریہ ہسپتال ڈاکٹر عبد الرحمن، سپرنٹنڈنٹ صادق عباسی ہسپتال بہاولپور ڈاکٹر محمد حامد خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی بہاولپور ڈاکٹر ذیشان راؤف اور دیگر متعلقہ افسران بھی شریک تھے۔

بقیہ نمبر 17

نے بلوچستان کے ضلع پنجگور میں خفیہ اطلاع پر آپریشن کیا جس میں بھارتی حمایت یافتہ 6 خارجی مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بلوچستان کے ضلع پنجگور میں آپریشن بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا، آپریشن میں دہشت گردوں کے کئی ٹھکانوں پر چھاپے مارے گئے۔ بتایا گیا ہے کہ پنجگور میں ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ، گولہ بارود، آئی ای ڈیز اور گاڑی برآمد کی گئی، فتنہ الہندوستان کے ہلاک دہشت گرد متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے بتایا گیا کہ علاقے میں موجود کسی بھی بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں۔ پاکستان کی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے وفاقی ایپکس کمیٹی برائے نیشنل ایکشن پلان کے منظور شدہ وژن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف اپنی مسلسل مہم پوری رفتار سے جاری رکھیں گے تاکہ ملک سے بیرونی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جا سکے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع پنجگور میں بھارتی حمایت یافتہ 6 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے معصوم اور نہتے پاکستانی شہریوں کی جان و مال کو نقصان پہنچانے والے بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا، حکومت پاکستان ملک سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 18

اسمبلی کی پاکستان سے منتخب ہونے والی 12 نشستیں ختم کی جائیں، الیکشن سے پہلے یہ مطالبہ انتخابی عمل کو سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے۔ اپنے ایکس (ٹویٹ) اکاؤنٹ پر پوسٹ میں انہوں نے لکھا کہ جمہوری سوچ کا تقاضا ہے کہ جو لوگ یہ مطالبہ کر رہے ہیں وہ یہ معاملہ 7 جولائی کو عوام کے سامنے رکھیں اور خلق خدا کو یہ فیصلہ کرنے دیں اور نمائندگی کی شکل تشکیل کرنے دیں یہ جمہوری سوچ ہوگی ورنہ یہ بلیک میلنگ تصور ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ سیالکوٹ شہر اور تحصیل سے کشمیر اسمبلی کی ایک سالم سیٹ ہے اور پاکستان قومی اسمبلی کی دو نشستیں ہیں، باقی پاکستان میں کشمیر اسمبلی کے حلقے پھیلے ہوئے ہیں، یہاں کشمیری مہاجروں کی زیادہ تعداد جموں سے ہے، اکتوبر 1947ء میں مہاجر دو لاکھ سے زائد جانوں کی قربانی دے کر سیالکوٹ شہر اور تحصیل میں آکر بسے لاکھوں عصمتیں لٹیں اور ہزاروں بیٹیاں اغوا ہوئیں، آپ کس طرح ان مہاجروں کو ان کے حق سے محروم کر سکتے ہیں؟ خواجہ آصف نے مزید کہا کہ کئی دہائیاں ان مہاجروں نے نہایت کسمپرسی کی حالت میں گزاریں، زندگی کی بنیادی سہولتوں سے محروم رہیں ان لوگوں نے آزادی کی بہت مہنگی قیمت ادا کی ہوئی ہے۔

چیف ایڈیٹر و پبلشر حبیب اللہ ملک نے پرنٹر عرفان علی اکافرنینہ پرنٹنگ پریس ریلوے روڈ رحیم یار خان سے چھپوا کر 1373 آئی اے بلاک VI سیٹلائٹ ٹاؤن رحیم یار خان سے شائع کیا۔

آفس کمرشل ایریا 2 خواجہ بنگلوز پلاٹ 31 عباسیہ ٹاؤن رحیم یار خان 0300-9671543 068-5959781

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا اور ڈی پی او رانا عبدالوہاب محرم الحرام کے انتظامات کے حوالے سے انتظامی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں